خطوط

۱- میں نے اس رسالے کو انتہائی بامقصد اور بصیرت سے بھرپور پایا اور یہ اس حقیقت کی عکاسی کرتا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل معاشرے کے تجزیاتی عمل میں فعال انداز میں مصروف عمل ہے، جو کہ افہام و تفہیم کے حوالے سے کافی بارآور ہے۔

(محبوب صدا، ڈائریکٹر کرسچن سٹڈی سنٹر، راولپنڈی)

۲- یہ رسالہ ہماری فیکلٹی اور تحقیقی سرگرمیوں سے شغف رکھنے والے طالب علموں کے لیے معلومات کا گراں قدر ذریعہ ہے۔

(منظور انجم، چیف لائبریرین، فیصل آباد یونیورسٹی، فیصل آباد)

۳- عصر حاضر کے مسائل پر رہنمائی کے لیے رسالہ اجتہاد کا اجراء حقیقت میں اسلامی نظریاتی کونسل کی قابل ذکر کاوش ہے۔

(عبدالوحید، چیف لائبریرین، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، لاہور)

۴- اسلامی نظریاتی کونسل جیسے باوقار اور قابل قدر ادارے سے شائع ہونے والا رسالہ اجتہاد انتہائی معلومات پر مبنی ہے۔

(ڈاکٹر حیدر رضا زبیت، پریس اتاشی، اسلامی جمہوریہ ایران سفارت خانہ، اسلام آباد)

۵- رسالہ اجتہاد کا پانچواں شمارہ انتہائی علمی موضوع پر مشتمل ہے اور یہ قارئین کے لیے انتہائی مفید ہوگا۔

(ڈاکٹر اصغر علی انجینئر، چیئرمین سنٹر فار سٹڈی آف سوسائٹی اینڈ سیکولرازم، ممبئی انڈیا)

۶- آپ کی جانب سے ارسال کردہ رسالہ اجتہاد آپ کے ذوق نفاست کا مظہر ہے، بین الاقوامی معیار کی ایسی خوبصورت طباعت پر مبارکباد قبول فرمائیں۔

(پروفیسر ڈاکٹر محمد قمر علی، شعبہ عربی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور)

۷- آپ کی جانب سے ارسال فرمودہ مجلہ اجتہاد شمارہ نمبر ۵ موصول ہوا اس کرم فرمائی پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ۔

حسب سابق یہ شمارہ بہت ہی دیدہ زیب ہے جہاں بھی سرسری نظر پڑی دل باغ باغ ہو گیا جیسے ظاہری طور پر خوبصورت تھا وہاں اندرونی صفحات پر از معلومات پائے اس مرتبہ مئی ۰۹ء کے پرچہ کو نفاذ شریعت نمبر کی صورت میں پیش کیا گیا ہے زیر نظر شمارہ نظری مباحث، عصری تجربات اور پاکستانی تناظر کی صورت میں انہی عنوانات پر اہم مضامین شائع کیے گئے ہیں جو قابل صد تحسین ہے نفاذ شریعت کے مقاصد میں ناکامی اور اس کی کامیابی کے اسباب پر بہت اہم مقالے شامل کیے گئے ہیں مثلاً ڈاکٹر محمد شکیل اوج صاحب کے مضمون سے ثابت ہوتا ہے کہ نفاذ شریعت کے سلسلہ میں قرآن کریم سے رہنمائی از حد ضروری ہے معاصر تجربات کے باب میں ڈاکٹر محسن نقوی صاحب کی جامع تحریر بہت پسند آئی الغرض یہ شمارہ قابل صد تحسین ہے مولی کریم مزید ترقی عطا فرمائے۔ برائے مہربانی آئندہ شائع ہونے والے شماروں سے نواز نا مت بھولیں۔

(محمد یونس ابن صوفی محمد شریف نوشاہی محلہ مغل پورہ جلال پورہ روڈ ضلع حافظ آباد)